سوال

(404) سگریٹ پینے اور داڑھی کٹوانے والے امام کے پیچھے نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک عالم دین کہے کہ (۱) میں سگریٹ پیتا ہوں (۲) داڑھی کٹواتا اور سیاہ کرتا ہوں (۳) ٹیلیویژن دیکھنا اور رکھنا میری مجبوری ہے یعنی اس کے بغیر میرا گزارہ نہیں۔

کیا ایسے عالم کو مسجد میں امامت وخطابت کے فرائض ادا کرنے کے لیے رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ جواب قرآن وسنت کے مطابق دیں۔ جزاکم ا ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ بالا قباحتوں (بُری عادات) سے متصف مولانا صاحب کو مسجد میں امامت وخطابت کے لیے مقرر نہیں کرنا چاہیے۔ ''دار قطنی'' میں حدیث ہے: ''اپنے امام بہتر لوگوں کو بنایا کرو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة: صفحہ: 365

محدث فتویٰ